# درس خطاطی Dars-e-Khattati

Duration: 03min 02 sec.

ایک پہلو جو ہے اردو کا ''fine arts'' سے تعلق رکھتا ہے اور وہ کیا ہے وہ اردو کا رسم خط ہے آپ اگر اردو سے اس کا رسم خط لے لیں گے تو ایک طرح سے اس کی جان نکال لیں گے یہ اصل ''proper'' ایک art ہے اور بہت بڑا art ہے کوئی بھی ''painting'' یا ''sketching'' یا اور دوسرے جو ہیں اس پر، سب پے یہ حاوی ہو جاتا ہے صرف صفحہ سازی اور ''column'' سازی کے لئے اسکا استعمال ہو تو وہ کتابت ہے خطاطی جب بولیں گے ہم تو خطط سے آتا ہے عربی لفظ ہے اور اسی کو ایران والے خوشنویسی یا خوش خطی بولتے ہیں عربی اور فارسی سے ایک روایت آئی، خطاطی کی خوش نویسی کی اس کے پیچھے ایک مذہبی جبر تھا مذہبی جبر یہ تھا کہ مسلمانوں میں تصویر کشی کو بہت اچھا نہیں سمجھا گیا اسی لئے آپ کو اتنے طرح کے خطوط ملتے ہیں نسخ ہے، گلزار ہے، نستعلیق ہے، اور دوسرے یہ کہ یہ بہت موٹا سا لکھ دیا آپ نے، ایک ذوالکمالین نام کے ایک خوش نویس سب سے پہلے آئے تھے ہندوستان میں جن کا نام کہیں کہیں درج بھی ملتا ہے اور اس کے بعد بھی دھیرے دھیرے لوگ بڑھے لیکن یہ بھی اپنی جگہ ہے کہ ذوالکمالین سے ہی لوگوں نے نہیں سیکھا بلکہ جو بادشاہ جو لوگ آئے یہاں وہ اپنے خطاط اپنے خوش نویش لیکر بھی آئے ان کے ساتھ وہ لوگ آتے تھے نتیجہ یہ ہوا کہ جو ''artist'' تھے انہوں نے اپنی صلاح اپنے قلم، موئے قلم اور رنگوں کا استعمال کیا اب خوشنویسی میں کیا خطاطی میں کیا اور اس کو مختلف شکلیں دیں میرا ''interest'' بچپن سے اس میں جب ہوا جب ہم اسکول ''time'' میں تاج محل دیکھنے گئے تھے تو وہاں کی جو بڑی بڑی عمارتیں ہیں سب ہاتھ سے کام ہوا تھا اور اس کو دیکھ کے لگتا نہیں تھا کہ یہ واقعی ہاتھ سے بنا ہوا ہے ایسا لگتا ہے ''print'' ہوا، ہوا ہے تو جب یہ عمارتوں کو ہم دیکھتے ہیں اس عمارت تو اس سے ہم یہ ''calligraphy work'' ہٹا دیں تو عمارتیں بے کار ہے جس طرح پھول سے خوشبو نکال دیتے ہیں نا تو پھول بے کار ہے صرف کاغذی پھول ہے اسی طرح سے جب تک عمارتوں پر یہ ''calligraphy'' خوشنویسی موجود ہے وہ اس کی حیات کی یعنی ضامن ہے۔